# میٹنگ نوٹس گائیڈ

Mayor's Office for
People with Disabilities

# تعارف

یہ گائیڈ نوٹسز، پوسٹرز اور دیگر ایسے تشہیری مواد کی تیاری میں سٹی ایجنسیوں اور ان کے معذوری سے متعلق خدمت کے سہولت رسانوں (Disability Service Facilitators) کی اعانت کرنے کے لیے بنائی گئی ہے جو نیو یارک سٹی کی سرکاری ایونٹس اور میٹنگوں میں معذور لوگوں کے لیے رسائی کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔ حالت رسائی سے متعلق معلومات آمادگی کی حد تک دستیاب ہونے کو یقینی بنانے میں منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ گائیڈ اس منصوبہ بندی، بشمول میٹنگ کے نوٹسز سے متعلق، ایونٹ میں مؤثر مواصلت، ایونٹ یا میٹنگ کے مقام تک رسائی، اور ایونٹ یا میٹنگ میں دستیاب قابل رسائی مواد کے معاملے میں اعانت کرے گی۔

عوام کے لیے کھلی ہوئی سرکاری ایونٹس اور میٹنگوں میں معذور لوگوں کے لیے رسائی نیو یارک سٹی کے لیے اہم ہے۔ ہم جامع بننا اور نیو یارک کے ان آٹھ باشندوں میں سے ایک کے لیے جن کی نشاندہی امریکی مردم شماری 2014 کے کمیونٹی سروے کے مطابق معذور کے بطور کی گئی ہے سرکاری پروگراموں، خدمات اور سرگرمی میں شرکت کی سہولت بہم پہنچانا چاہتے ہیں۔

# ایونٹ کے نوٹسز اور میٹنگ کے اعلانات

سٹی کے قانون کا تقاضا ہے کہ عوام کے لیے کھلی ہوئی ایونٹس اور میٹنگوں کے لیے تمام اشتہارات، پوسٹرز، دعوت نامے، نوٹسز اور دیگر تشہیری مواد --چاہے پرنٹ میں ہو یا الیکٹرانک ذرائع کی معرفت-- فسیلیٹی کی حالت رسائی اور معذور لوگوں کے لیے فراہم کردہ دیگر سہولیات کے بارے میں معلومات پر مشتمل ہوں۔ مواد میں سہولیات کی درخواست کرنے کے لیے رابطے کی معلومات، بشمول ای میل پتہ اور ٹیلیفون نمبر، اور درخواست کرنے کے لیے پیمانۂ وقت فراہم کرنا ضروری ہے۔ درخواست کرنے کے لیے معقول پیمانۂ وقت میٹنگ یا ایونٹ سے 48 تا 72 گھنٹے قبل ہے، جس سے سٹی ایجنسی کو سہولیات کا انتظام کرنے کا معقول وقت مل جاتا ہے۔

سٹی کے قانون کا تقاضا ہے کہ ایونٹ کے نوٹسز میں، میڈیا کی منتخب کردہ شکل کے لیے قابل عمل حد تک، درج ذیل کی دستیابی کے بارے میں معلومات شامل ہوں:

- وھیل چیئر سے حالت رسائی؛
- مواصلتی رسائی کا حقیقی وقت میں ترجمہ؛
- اشاراتی زبان کی ترجمانی؛
- اعانتی سماعتی سسٹم، اور دستیاب ہونے پر، سسٹم کی مخصوص قسم، بشمول، لیکن بلا تحدید، انڈکشن لوپ کے اعانتی سماعتی سسٹمز؛ اور
- معذور لوگوں کے لیے کوئی دیگر ایسی سہولیات جو اس ایونٹ کے مقام یا مقامات پر دستیاب ہوں گی۔

قانون کا تقاضا ہے کہ اس گائیڈ میں نظر آنے والی بین الاقوامی علامات دستیاب سہولیات کے بارے میں معلومات فراہم کرتے وقت استعمال کی جائیں۔

نوٹسز میں جو اضافی معلومات فراہم کی جا سکتی ہیں ان میں شامل ہیں:

- قریب ترین بس اسٹاپ کے مقام کی فراہمی؛
- قریب ترین قابل رسائی سب وے اسٹیشن کے مقام کی فراہمی؛
- قریب ترین پارکنگ کی سہولت سے متعلق معلومات کی فراہمی؛
- خدمت کے جانوروں کے لیے راحت کی جگہوں سے متعلق معلومات کی فراہمی؛
- یہ درخواست کرنا کہ حاضرین پرفیوم، کولوگنے، یا دیگر خوشبوؤں سے احتراز کریں تاکہ شدید الرجیوں، ماحولیاتی بیماری، متعدد کیمیائی حساسیت یا متعلقہ معذوری کے حامل افراد کو سہولت ملے۔

## معقول ترامیم

سٹی ایجنسی کو عوامی میٹنگوں کا اہتمام قابل رسائی سہولیات میں کرنا چاہیے۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو ایجنسی کو میٹنگ کے مقام تک رسائی حاصل نہ کرپانے والے فرد کو معقول سہولیات فراہم کرنی ہوتی ہیں جیسے ویڈیو کے ذریعے ریموٹ رسائی فراہم کرنا۔ نیز، اگر ایجنسی عوامی میٹنگ میں تحریری مواد فراہم کرتی ہے تو درخواست کرنے پر وہ مواد متبادل فارمیٹس جیسے بڑے پرنٹ، بریل یا آڈیو فارمیٹ میں فراہم کرنی ہوتی ہیں۔

## مؤثر مواصلت

مواصلتی امدادی آلے یاخدمت کا انتخاب کرتے وقت، سٹی ایجنسی سے معذور افراد کے ذریعے درخواست کردہ امدادی آلے یا خدمت پر بنیادی توجہ دینے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ سٹی ایجنسی پر اس فرد کی پسند کا لحاظ رکھنا لازم ہے، الّا یہ کہ وہ یہ ثابت کرے کہ مواصلت کے دیگر مؤثر ذرائع دستیاب ہیں، یا یہ کہ مطلوبہ ذرائع کے استعمال کا نتیجہ خدمت، پروگرام یا سرگرمی کی نوعیت میں بنیادی ردوبدل، یا غیر ضروری مالی اور انتظامی بوجھ کی صورت میں برآمد ہوگا۔ اگر معذور فرد کے بیان کردہ انتخاب کا نتیجہ غیر ضروری بوجھ یا بنیادی رد و بدل کی صورت میں برآمد ہوگا تو، عوامی ادارے پر اب بھی ایک ایسا متبادل آلہ یا خدمت فراہم کرنے کی جوابدہی عائد ہے جو کوئی دستیاب مؤثر مواصلت فراہم کرتی ہو۔

یہ فیصلہ کرنے میں کہ آیا کسی مخصوص آلہ یا سروس کا نتیجہ غیر ضروری مالی یا انتظامی بوجھ کی صورت میں برآمد ہوگا، سٹی ایجنسی کو پروگرام، خدمت، یا سرگرمی کی فنڈنگ کے لیے دستیاب تمام وسائل کی روشنی میں اس مخصوص آلہ یا خدمت کی لاگت اور دیگر اخراجات یا اعمال پر پڑنے والے اثر کو زیر غور لانا چاہیے۔ یہ فیصلہ کہ اس مخصوص آلہ یا خدمت کا نتیجہ غیر ضروری بوجھ کی صورت میں برآمد ہوگا اعلی درجے کے عہدیدار کو کرنا چاہیے، جو ڈپارٹمنٹ کے سربراہ سے کمتر نہ ہو، اور اس میں اس نتیجے پر پہنچنے کی وجوہات کا ایک تحریری بیان شامل ہونا ضروری ہے۔

ذیل میں کچھ ایسی کمپنیاں اور تنظیمیں ہیں جو نیو یارک سٹی میں اشاراتی زبان کے ترجمان یا CART کی نقل حرفی کی خدمات فراہم کرتی ہیں:

646-873-4000 - Accurate Communication
(محکمہ برائے شہر پیما خدمات (Department of Citywide Services) نے اس کمپنی سے معاہدہ کیا ہے)

Sign Language Resources, Inc. - 888-964-5553

Comprehensive Network - 718-382-2020

New York Society for the Deaf - 212-366-0066

Deaf & Hard of Hearing Interpreting Services Inc. - 212-647-1092

All Hands in Motion - Pro. Sign Language Interpreters, LLC. - 718-997-0472

## مطبوعہ مواد

تمام پرنٹ نوٹسز اور دیگر مواد کم از کم 18 پوائنٹ فونٹ میں ہونا چاہیے۔ جلی قسم کا استعمال کریں کیونکہ حروف کی موٹائی پرنٹ کو مزید پڑھنے لائق بناتی ہے۔ یا تو گہرے پرنٹ کے ساتھ ہلکا پس منظر یا ہلکے پرنٹ کے ساتھ گہرا پس منظر استعمال کر کے رنگ کا تضاد فراہم کریں۔ آرائشی شکستہ خط والے فونٹس، بشمول ترچھے فونٹس سے پرہیز کریں اور تمام جلی حروف استعمال کرنے سے پرہیز کریں، کیونکہ پرنٹ کی یہ شکلیں حروف کے بیچ تفریق کرنا مزید مشکل بنا دیتی ہیں۔

## الیکٹرانک مواد

تمام الیکٹرانک مواد ایسے فارمیٹ میں ہونے چاہئیں جو بصارتی معذوری کے حامل یا اسکرین ریڈر استعمال کرنے والے افراد کے لیے قابل رسائی ہوں۔ قابل رسائی فارمیٹس کی مثالوں میں Word ڈاکومنٹس، قابل رسائی PDF یا بنیادی html شامل ہیں۔ الیکٹرانک مواد۔

## علامات

پہلے سے موجود سہولیات کے بارے میں معلومات فراہم کرتے وقت، درج ذیل قسم کے الفاظ کے بدلے میں آفاقی سطح پر تسلیم شدہ علامات استعمال کرنا مزید کارگر ہو سکتا ہے:



مقام وھیل چیئرز اور حرکت پذیری کی دیگر ڈیوائسز استعمال کرنے والے افراد کے لیے قابل رسائی ہے




اشاراتی زبان کے ترجمان فراہم کیے جاتے ہیں




انڈکشن لوپ سسٹم موجود ہے



اعانتی سماعتی سسٹم موجود ہے (سسٹم کے انفراریڈ، FM، یا انڈکشن لوپ کی قسمیں بیان کریں)




مطبوعہ مواد بریل میں فراہم کیے جاتے ہیں




مطبوعہ مواد بڑے پرنٹ میں فراہم کیے جاتے ہیں




ریئل ٹائم کیپشننگ فراہم کی جاتی ہے

رسائی کی بین الاقوامی علامت یہاں سے ڈاؤن لوڈ کریں
دیگر تمام قابل رسائی علامات یہاں سے ڈاؤن لوڈ کریں

# رسمی دعوت نامہ کی مثال

بنام جملہ متعلقہ افراد،

آپ NYC کے میئر کے دفتر برائے معذور افراد
(Mayor’s Office for People with Disabilities, MOPD) میں
حالت رسائی پر گفتگو کرنے کے لیے ایک میٹنگ میں شمولیت کے لیے
مخلصانہ طور پر مدعو ہیں۔ بروز پیر، 6 جون 2016 بوقت 3 تا 4 بجے شام
بمقام 100 Gold Street, 2nd Floor, New York, New York۔

براہ کرم rsvp@mopd.nyc.gov کو حاضرین اور ان کے الحاق یافتہ
تنظیموں کے نام اور عہدوں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ جمعرات، 2 جون کو
کاروبار بند ہونے سے قبل RSVP کریں۔

فراہم کردہ رسائی:

C.A.R.T

100 Gold Street کے صدر داخلی دروازے پر ایک خود کار دروازہ ہے
اور یہ وھیل چیئر استعمال کرنے والے اور دیگر معذور افراد کے لیے قابل
رسائی ہے۔ میٹنگ کا ترجمہ ایک ASL ترجمان، CART کے ذریعے کیا
جائے گا اور انڈکشن لوپ سسٹم میٹنگ روم میں فراہم کیا جائے گا۔ دوسری
منزل پر موجود آرام گاہیں قابل رسائی ہیں جس میں تنہا صارف والی آرام گاہ
شامل ہے۔ حالت رسائی کے سلسلے میں مزید معلومات یا درخواستوں کے لیے
براہ کرم 4 جون تک MOPD کے معذوری سے متعلق خدمت کے سہولت
رساں (Disability Service Facilitator) کو
mopd_dsf@mopd.nyc. پر ای میل کریں یا (212) 555-5555 پر کال
کریں۔

NYC Mayor’s Office for People with Disabilities

ایونٹ کے پرچے کی مثال

# نیو یارک سٹی

# ڈس ایبلیٹی پرائڈ پریڈ

# (Disability Pride Parade)

## پیر، 10 جولائی 2016

## 11:00 بجے دن

## Union Square Park

فراہم کردہ رسائی:

پریڈ کا راستہ پوری طرح سے قابل رسائی ہے۔ قابل رسائی پورٹیبل ٹوائلٹس، **CART**، **ASL** ترجمانی اور انڈکشن لوپ ٹیکنالوجی فراہم کی جائے گی۔

اضافی سہولیات کی درخواست کرنے کے لیے، 7 جولائی تک **MOPD_DSF@cityhall.nyc.gov** یا **212 - 788 - 2830** پر رابطہ کریں۔

**NYC** Mayor's Office for People with Disabilities

# فیس بُک کی مثال (محدود جگہ)

**New York City Mayor's Office for People with Disabilities**

NYC
MOPD

15 جنوری

26 جنوری کو NYPL نیو یارک پبلک لائبریری
(The New York Public Library, NYPL) #DescribeAthon17
میں 12:00 بجے دن سے 6:45 بجے شام تک اینڈریو ہیسکیل بریل اینڈ ٹاکنگ
بُک لائبریری (Andrew Heiskell Braille and Talking Book Library)
میں تشریف لائیں اور ویب پر موجود ویڈیوز کو نابینا ناظرین کے لیے مزید قابل
رسائی بنانے میں مدد کریں۔ یہاں مزید جانیں:
http://on.nypld.org/2itnlKT #a11y

# Describeathon 2017

## جمعرات، 26 جنوری

## 12:00 بجے دن تا 6:45 بجے شام

## اینڈریو ہیسکیل بریل اینڈ ٹاکنگ بُک لائبریری

داخلی دروازے اور آرام گاہیں پوری طرح سے قابل
رسائی ہیں اضافی سہولیات کی درخواست کرنے کے
لیے براہ کرم **Jsmith@NYPLemail.com** پر ای
میل کریں

New York
Public
**Library**

Describeathon 2017 - اپنی من پسند ویڈیوز کو قابل
رسائی بنانے میں مدد کریں!

DescribeAthon17 میں اپنی آواز کا اضافہ کر کے ویب پر موجود ویڈیوز کو نابینا ناظرین
کے لیے مزید قابل رسائی بنانے میں مدد کریں۔

## ٹویٹر کی مثال (محدود جگہ)

@NYCDisabilities **NYC MOPD** 28 دسمبر
ڈس ایبلیٹی پرائڈ کے لیے جاز لیجنڈز، جاز موسیقاروں کی اساطیری قطار 2017 ڈس ا بیلیٹی پرائڈ پریڈ کے لیے پیسے اکٹھا کر رہی ہے winterjazzfest.com/jazzlegends




اگر اپنے نوٹسز کے بارے میں آپ کے کوئی اضافی سوالات ہوں، تو براہ کرم رابطہ کریں


**Mayor's Office for People with Disabilities**
(212) 788-2830